مدیر کے نام

بیگم سیّد ابوالاعلیٰ مودودی' لاہور

تزئینِ نو کے بعد ترجمان القرآن میں کافی مثبت اور مفید تبدیلیاں آئی ہیں۔ مضامین میں تنوع اور موضوعات میں وسعت ہے۔ تازہ شمارے میں "گوشہ رمضان" اور "آج اور کل" پسند آئے۔ اسی طرح فہمِ قرآن اور فہمِ حدیث کا سلسلہ بھی بہت مفید ہے۔ یہ امر بھی باعثِ اطمینان ہے کہ رسالہ باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ رسالہ' آیندہ اس سے بھی بہتر ہو گا اور مولانا مودودی مرحوم نے جن بلند مقاصد کے لیے ترجمان القرآن کو پروان چڑھایا تھا' وہ آپ کے پیشِ نظر رہیں گے۔

جسٹس (ریٹائرڈ) ملک غلام علی' لاہور

ماہنامہ ترجمان القرآن نئے ادارۂ تحریر و تنظیم کے تحت اپنے قالبِ جدید میں رونما ہو رہا ہے۔ میری صمیمِ قلب سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس موقر جریدے کو حسبِ سابق قارئین کے لیے نفع بخش بنائے اور اسے جادۂ حق پر پیش قدمی عطا فرمائے' آمین والحمدللہ رب العالمین۔

جنرل (ریٹائرڈ) مرزا اسلم بیگ چیرمین فرینڈز' راولپنڈی

میں نے تمام مضامین کو بڑی دلچسپی سے پڑھا ہے۔ آپ نے اشارات میں بجا طور پر کہا ہے کہ عصرِ حاضر کی روح مضطرب او ربے تاب ہے۔ مغرب کی مسیحائی تو اب نام کی رہ گئی ہے۔ اصل المیہ یہ ہے کہ تہذیبِ حاضر کا بیمار' بیمار سے بیمار تر' ہوتا دکھائی دے رہا ہے —— میرا ایمان ہے کہ نجات کا واحد راستہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑنے میں مضمر ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ امتِ مسلمہ کے حال پر رحم فرمائے اور اسے شہادتِ حق کی توفیق بخشے۔

محمد بشیر چغتائی' واہ کینٹ

احادیث دو بھی کافی ہیں۔ لیکن موجودہ حالات میں ان سے کیا اور کیسے رہنمائی حاصل کی جائے' اس کی واضح اور مزید تشریح کی ضرورت ہے۔

سلیم منصور خالد' گوجرانوالہ

خوب صورت تزئین کے ساتھ پرکشش اور قابلِ مطالعہ "ترجمان القرآن" کی اشاعت' گلشنِ علم و دانش میں ایک وجد آفرین جھونکا ہے۔ دیگر علمی مضامین کے ساتھ ساتھ "صحبتِ نبویؐ میں چند لمحے" اس شمارے کا خوبصورت ترین سلسلہ ہے' جس میں قاری اپنے آپ کو نہ صرف مجلسِ نبوت میں شریک سمجھتا ہے' بلکہ جوں ہی وہ محفلِ رسالت سے باہر نکلتا ہے' وضاحت کے چند جملے محفل کے لطف و کرم کی حلاوت کو اور بڑھا دیتے ہیں۔ اس سلسلے کو کم از کم چھ صفحات پر پھیلا دیا جائے تاکہ مطالعۂ سیرتؐ کے شیدائیوں کی تشنگی کا کسی حد تک مداوا ہو سکے۔ اسی طرح مغرب کے دو فرزندوں کے جذبات کی پیش کش' مغربی ذہن کو جاننے کا موثر ذریعہ بنی ہے۔

محمد اکرام قریشی' سیالکوٹ

"رسائل و مسائل" غائب پا کر سخت دکھ ہوا۔

ریئر ایڈمرل (ریٹائرڈ) محمد اسحاق ارشد' کراچی

"اسلام اور مغرب" کے عنوان کے تحت جو مضامین دیے گئے ہیں' مطالعہ کے لیے بہت ضروری ہیں تاکہ ہمارے ذہن مغرب کی سوچ کو جانتے اور سمجھتے ہوئے' نہ صرف مغرب کی یلغار کو روک سکیں بلکہ اس کو عقب روی پر مجبور کر دیں۔

لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈاکٹر محمد ایوب خان' لاہور کینٹ

ایک بات یاد رکھیے' تقریروں' تحریروں اور کتابوں سے فضا ضرور پیدا ہوتی ہے' لیکن قوموں کا فیصلہ جنگ کے بغیر نہیں ہوتا۔ امت کو جہاد کی تربیت حاصل کرنا ہوگی۔

محمد عالم مختار حق، لاہور

اشارات، فہمِ حدیث، محاسبۂ نفس اور الجبرا میں تحریکِ اسلامی کی کامیابی سے متعلق مضامین پسند آئے۔ آپ نے صحتِ الفاظ کی طرف بھی توجہ کی ہے، اس سے خوشی ہوئی۔ یہ علمی و ادبی مجلّہ ہے، صحتِ الفاظ کے لحاظ سے بھی مثالی ہونا چاہیے۔

جلیل احمد، لاہور

ظاہری حسن، صفحات میں اضافہ، موضوعات کا تنوع، گہرائی اور سب سے بڑھ کر اسلوب کی دلکشی، لائقِ تحسین ہیں۔ اشارات کا مطالعہ کرتے ہوئے ایک آدھ جگہ محسوس ہوا کہ جملے کچھ زیادہ ہی طویل ہو گئے ہیں۔

عاصم نعمانی، لاہور

دورِ جدید کا آغاز خوش آیند ہے۔ مضامین میں تنوّع خوب قابلِ قدر ہے۔ مجدد الف ثانی کے مکتوبات سے اقتباسات بہت عمدہ انتخاب ہے۔

صدر الدین فاروقی صدر ادارہ علمی، حیدر آباد

نئی تزئین اور آب و تاب کے ساتھ رسالہ ماشاء اللہ بہت خوب ہے۔ ہر مضمون میں تنوّع ہے اور افادیت بھی، احادیثِ نبوی دلنشین پیرایہ میں او رحسبِ حال، الجزائر کے متعلق انٹرویو تحریکِ اسلامی کے کارکنوں کے لیے مشعلِ راہ۔ اسلامی تاریخ سے گمشدہ اوراق کا سلسلہ مناسب رہے گا۔

چودھری محمد ابراہیم ۔ بھکر

تجدید پر ہدیۂ تبریک، بدلتے ہوئے عالمی تناظراور ملکی حالات میں بہتر رہنمائی کی توقعات ہیں۔